राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्
قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099
Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:26/11/2019

بھارت کا آئین دنیا کے سب سے بڑے جمہوری ملک کا بہترین آئین ہے: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

قومی کونسل کے صدر دفتر میں 'یوم آئین' تزک واحتشام کے ساتھ منایا گیا

نئی دہلی: بھارت کا آئین دنیا کے سب سے بڑے جمہوری ملک کا بہترین آئین ہے۔اس آئین کے بنانے میں ہمارے اکابرین نے جو خدمات انجام دی ہیں، انہی کو یاد کرنے کے لیے 26 نومبر کو ہر سال یوم آئین کے طور پر ملک بھر میں منایا جاتا ہے۔اس دن باباصاحب بھیم راؤ امبیڈکر کی قیادت میں دنیا کا سب سے بہترین دستور 1949 کو معرض وجود میں آیا۔اس آئین میں سماجی، معاشی اور سیاسی انصاف، رائے، عقیدہ، مذہب اور عبادت کی آزادی، حیثیت اور مواقع کی یکسانیت، اخوت کا فروغ، فرد کی عظمت اور قوم کی سالمیت پر زور دیا گیا ہے۔ یہ باتیں قومی اردو کونسل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے یوم آئین کے موقع پر صدر دفتر میں منعقدہ پروگرام میں کہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ بھارت کے آئین نے اپنے شہریوں کو برابر کے اختیارات اور حقوق دیے ہیں، لہٰذا شہریوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ دل سے اس کا احترام کریں اور اپنی عملی زندگی میں بھی اسے نافذ کریں۔ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کہا کہ ہمیں آئین میں دیے گئے اختیارات کے مدنظر ملک کی تعمیر وترقی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے اور اپنے فرائض منصبی کو عبادت کے طور پر انجام دینا چاہیے۔اس موقع پر کونسل کا تمام عملہ موجود تھا۔

(رابطہ عامہ سیل)